رہبر معظم کے دفتر کی طرف سے عید فطر کا اعلان - 9 /Sep/ 2010

رہبر معظم انقلاب اسلامی کے دفتر نے اعلان کیا ہے کہ کل 19 شہریور مطابق 10 ستمبر کو شوال کی پہلی تاریخ اور عید سعید فطر کا دن ہوگا۔

اعلامیہ کا متن حسب ذیل ہے:

بسم اللہ الرحمن الرحیم

رمضان المبارک کےمہینے میںعزیز قوم کی عبادات اور بندگی کے مقبول ہونےکی تمنا اور آرزو کے ساتھ ، ایران کے شریف اور مؤمنعوام کو اطلاع دی جاتی ہے کہ ملک کے بعض علاقوں سے قابل اعتماد اور ماہر افراد کی طرف سے ایسی رپورٹیں موصول ہوئی ہیں جن کے پیش نظر جمعرات 18/6/1389 ہجری شمسی مطابق 29/رمضان المبارک 1431 ہجری قمری کو غروب کے وقت شوال المکرم کا چاند رہبر معظم انقلاب اسلامی حضرت آیت اللہ العظمی خامنہ ای کے لئے ثابت ہوگیا ہے، لہذا کل جمعہ 19 شہریور مطابق 10 ستمبر کو شوال کی پہلی تاریخ اور عید سعید فطر کا دن ہوگا۔

عید سعید فطر کی آمد کے موقع پر ایران کی عظیم قوم اور تمام ایمانی بھائیوں اور بہنوں کو مبارک باد پیش کرنے کے ساتھاطلاع دی جاتی ہے کہ کل پورے ملک میں نماز عید سعید فطر ادا کی جائے گی۔

دفتر رہبر معظم انقلاب اسلامی

18/شہریورماہ/ 1389